# خیبر پختونخواہ مال مویشی افزائشِ نسل خدمات قانون 2024

## ایک بل

**برائے صوبہ خیبر پختونخواہ میں مویشیوں کی افزائشِ نسل کی خدمات کو ضابطہ کار میں لانا:**

جبکہ اس بل کا مقصد مویشیوں کی افزائشِ نسل کی خدمات میں ضابطہ کار، جنیاتی طور پر مختلف نسلوں میں بہتری، مقامی طور پر پائے جانے والے مویشیوں کی نسل کو محفوظ بنانا اور نسل میں بہتری لانا اور ساتھ ساتھ ان خدمات سے جانوروں کے معیار میں بہتری لانا، صوبہ خیبر پختونخواہ میں ان معاملات سے جڑے ذیلی کاموں کے لئے ضابطہ کار بنانا ہے، ان تمام معاملات کو خیبر پختونخواہ کی اسمبلی نے مندرجہ ذیل طور پر نافذ کیا ہے۔

## باب نمبر 1

## ابتدایہ

1. **مختصر عنوان، احاطہ اور آغاز۔**

i) یہ ایکٹ خیبر پختونخواہ مال مویشیوں کی افزائشِ نسل کی خدمات کا ایکٹ 2024ء کہلائے گا۔

ii) یہ پورے صوبہ خیبر پختونخواہ پر لاگو ہوگا۔

iii) یہ فوری نافذ العمل ہوگا۔

2. **تعریف:** اس ایکٹ میں یہاں تک کہ سیاق وسباق میں کچھ اور وضاحت کی ضرورت نہ ہو، مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی وہی ہوں گے جو کہ ان الفاظ کو تفویض کر دیئے گئے ہیں۔

a) اپیلیٹ اتھارٹی "Appellate Authority" کا مطلب اس ایکٹ کے سیکشن 18 کے تحت بنائی گئی اتھارٹی ہے۔

b) "Artificial Insemination" کا مطلب وہ طریقہ کار ہے جس میں نر کے مادہ منی کو مادہ کے افزائش نسل کے عضو میں مصنوعی طریقہ سے داخل کرانا ہے۔

c) "Artificial Insemination Technician" مطلب ایسا شخص ہے جو اس ایکٹ کے تحت دی گئی ضروریات کو پورا کرتا ہو اور اس کا اندراج باضابطہ طور پر ڈائریکٹریٹ جنرل سے ہوا ہو۔

d) "Breeder" کا مطلب کوئی شخص یا اشخاص کا مجموعہ جو مویشیوں کی افزائش نسل میں مصروف کار ہوں اور ڈائریکٹر کے ساتھ ان کا اندراج ہو۔

e) "Breeder Association" کا مطلب مویشیوں کی افزائش نسل کی ایسوسی ایشن، جو اس ایکٹ کے سیکشن 8 کے تحت رجسٹرڈ/اندراج ہوا ہو۔

f) "Breeding Male" کا مطلب افزائش نسل کیلئے استعمال ہونے والے نر جو کہ اس

ایکٹ کے تحت معیار کو پورا کرتا ہو۔

g) "Breeding Services" کا مطلب مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک یا زیادہ خدمات کی فراہمی:۔

i) "Artificial Insemination" مصنوعی نسل کشی۔

ii) "Semen Production" منی کی پیداوار۔

iii) "Semen Collection" منی کا جمع کرنا۔

iv) "Genetic Evaluation" جنیاتی تشخیص۔

v) "Testing of Semen or Ova" منی یا مادہ کے حمل کے سیل کا ٹیسٹ۔

vi) "Embryo Implantation" جنین کا لگانا۔

vii) "Import of Semen After Due Process with Fedral Government" وفاقی حکومت کے اجازت کے ساتھ مروجہ طریقہ کا کے بعد منی کو درآمد کرنا۔

viii) "Any other service that may be notified by the department as a breeding services" کوئی بھی اور خدمت جو محکمہ نے بطور افزائش نسل خدمت تشہیر مطلع کیا ہو۔

h) "Code" کا مطلب کریمنل پروسیجر کوڈ 1898 (1898 کا ایکٹ نمبر 5)۔

i) "Committee" کا مطلب مویشیوں کی افزائش نسل کی خدمات کی کمیٹی جو کہ اس ایکٹ کے سیکشن نمبر 3 کے تحت بنائی گئی ہو۔

j) "Collection & Production Facility" کا مطلب وہ مقام جہاں پر منی بیضہ یا جنین کو جمع کرنا، پیداوار کرنا، پراسیسنگ کرنا اور ذخیرہ کرنے کے بعد مصنوعی نسل کشی کے ذریعے رحم میں لگانے کے لئے یا محفوظ کرنا۔

k) "Court" کا مطلب مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت۔

l) "Department" کا مطلب حکومت کا مال مویشی، فشریز اور امداد باہمی کا محکمہ

m) "Director" کا مطلب ڈائریکٹر افزائش نسل و فارمز جو کہ ڈائریکٹریٹ جنرل کے زیرِ انتظام کام کررہا ہو۔

n) "Director General" کا مطلب ڈائریکٹوریٹ جنرل کا ڈائریکٹر جنرل۔

o) "Directorate General" کا مطلب ڈائریکٹریٹ جنرل (ایکسٹینشن) لائیو سٹاک

اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ خیبر پختونخواہ۔

p) "Embryo" کا مطلب نر کی منی اور مادہ کے حمل (بیضہ) کے ملاپ کے نتیجے سے بننے والی ساخت۔

q) "Farm" کا مطلب وہ جگہ یا جگہیں جہاں پر مویشیوں کو رکھا جاتا ہے۔

r) "Government" کا مطلب حکومت خیبر پختونخواہ۔

s) "Herd Book" کا مطلب وہ کتاب ہے جو کہ فہرست اور ایک یا زیادہ پسندیدہ ریوڑ کی نسل ونسب یا ریوڑ کا ریکارڈ رکھتا ہے اور اس میں کوئی اور کتاب جو کہ اس ایکٹ کے مقصد کیلئے ڈیزائن کی گئی ہو۔شامل ہے۔

t) "Live Stock" کا مطلب گائے، بھینس، بھینسا، بھیڑ، بکری، اونٹ، گھوڑا اور کوئی مفید جانور جو فارم کھیت یا گھر پر رکھے گئے ہو۔

u) "Ova" کا مطلب مادہ کے بیضہ دانی سے پیدا کیا گیا افزائشی سَیل۔

v) "Prescribed" کا مطلب رولز سے تجویز کردہ۔

w) "Province" کا مطلب صوبہ خیبر پختونخواہ۔

x) "Recognised Experts" کا مطلب ایسا ماہر جو تکنیکی ضروریات، بشمول تعلیم، مہارت، تجربہ کو پورا کرتا ہو، جیسے کہ ڈیپارٹمنٹ نے تجویز کیا ہو۔

y) "Rules" کا مطلب اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد۔

z) "Secretary" کا مطلب محکمہ کا سیکرٹری۔

aa) "Semen" کا مطلب نر کی منی اور وہ سیال جو کہ نر کے خصیے اور افزائش نسل کے لئے غدود کے نظام میں پیدا ہوئی ہو، یا جانوروں کا تیارکردہ پتلا انزال اور مکمل کریں

bb) "Species" کا مطلب جانوروں کا گروپ رمعل، جو کہ ایک ہی حیاتیاتی درجہ بندی سے تعلق رکھتے ہوں، جو آزادانہ طور پر نسل کی افزائش ربڑھوتی کر سکیں تا کہ زرخیز اولاد پیدا کرسکیں۔

## باب نمبر 2

## کمیٹی کی تشکیل اور افعال:

3. **Committee/ کمیٹی**: (1) اس ایکٹ کے آغاز راجراء کے بعد اور محکمہ حکومت کی منظوری کے بعد ایک کمیٹی تشکیل کرے گی جو کہ لائیوسٹاک اور بریڈنگ سروس کمیٹی کہلائے گی۔

(2) کمیٹی مشتمل ہوگی۔

a) ڈائریکٹر جنرل چیئرمین

b) ڈائریکٹر اینیمل ہیلتھ اینڈ پروڈکشن، ڈائریکٹریٹ جنرل — ممبر

c) ڈائریکٹر جنرل (ریسرچ) کا نمائندہ بریڈرز جو کہ گریڈ 17 سے نیچے درجے کا نہیں ہوگا — ممبر

d) کسانوں کا ایک نمائندہ جس کو بریڈرایسوسی ایشن نامزد کرے گی۔ — ممبر

e) بریڈنگ کا ماہر جس کی متعلقہ شعبہ میں تعلیمی قابلیت/سند ہو۔ — ممبر

f) تعلیمی شعبے کا ایک نمائندہ جس کے پاس متعلقہ شعبے کی تعلیمی قابلیت اور تجربہ ہو۔ — ممبر

g) ویٹرنری (ویٹرنری ڈاکٹر) جو کہ پاکستان ویٹرنری کونسل سے رجسٹرڈ ہو۔ — ممبر

h) ڈائریکٹر بریڈامپرومنٹ اور فارم ڈائریکٹوریٹ جنرل — ممبر کم سیکرٹری

(3) شق (d) سے (g) تک کے ممبران سرچ اینڈ سکروٹنی کمیٹی کے سفارش کے روشنی میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ تین سالوں کے لئے مقرر کریں گے جس کو ڈیپارٹمنٹ مقررہ طریقہ کار کے مطابق نوٹیفائی کرے گا۔

جبکہ شق نمبر (d) سے (g) تک کے مقرر کردہ ممبران وزیرِ اعلیٰ کی خواہش کے مطابق کام کریں گے۔

**(4) کمیٹی کے افعال! کمیٹی کے افعال مندرجہ ذیل ہیں۔**

a) بریڈنگ سروسز کو اس ایکٹ کے دفعات کے مطابق چلائے گی۔

b) بریڈنگ سروس کے متعلق معیارات اور خوبیوں کے بابت آگاہی پیدا کرے گی۔

c) مقامی جنیاتی وسائل کے ترقی کے بعد اور ان کو محفوظ بنانے کے بابت کام کرے گی۔

d) بریڈنگ سروسز کے متعلق معیارات بنائے گی اور

e) مخصوص افزائش نسل میں اخلاقی ذمہ داری ہوگی۔

## باب نمبر 3

## افزائش نسل کے معیارات اور طریقہ کار:

5. **افزائش نسل کے لئے جانوروں کا انتخاب اور معیارات:-** (1) اس ایکٹ کے اجراء/آغاز کے فوری بعد ڈائریکٹر جنرل کمیٹی کے سفارشات کی روشنی میں معیارات اور طریقہ کار جاری کرے گا

a) کلیکشن اینڈ پروڈکشن فیسیبلٹی پر افزائش نسل کے جانوروں کے انتخاب کے لئے معیارات کا تعین۔

b) کلیکشن اینڈ پروڈکشن فیسیلیٹی میں یا فارم یا افزائشِ نسل کے لئے کسی پروگرام میں داخلے سے پہلے افزائشِ نسل کی تصدیق۔

c) کارکردگی ریکارڈنگ کے اعلیٰ تحت جانوروں کی نشاندہی اور رجسٹریشن اور کارکردگی ریکارڈنگ کے ذریعے جوڑوں کے ملاپ تاکہ جنیاتی تشخیص ہو۔

d) پرائیویٹ منی پیداواری یونٹ اور صوبے میں منی کے فروخت کے لئے معیارات اور طریقہ کار۔

e) کلیکشن اینڈ پروڈکشن فیسیلیٹی یعنی مجموعہ اور پیداواری سہولت۔

f) مجموعہ اور پیداواری سہولت پر مطلوبہ ساز وسامان۔

g) منی، بیضہ اور جنین نکالنے، محفوظ کرنے، پیداوار کرنا اور نقل وحمل کے لئے طریقہ کار کو نافذ کرنا۔

h) فارم پر منی کو بحفاظت محفوظ کرنا اور مصنوعی نسل کشی کرنا۔

i) فارم پر مویشیوں کی قدرتی افزائش نسل کرنا۔

j) غیر ملکی منی اور اس کا ستعمال۔

k) اس ایکٹ کی دفعات کے مطابق منی کو درآمد کرنا: اور

l) مصنوعی ٹیکنیکی کارندے بشمول ٹریننگ کا بنیادی ڈھانچہ اور دیگر ضروریات۔

6. **سرٹیفکیٹ کا مواد:**

ڈائریکٹریٹ جنرل اس ایکٹ کے آغاز ہوتے ہی ایک سال کے اندر کمیٹی کی سفارشات پر اور محکمہ پیشگی کی منظوری پر فارم اور مواد کو تشہیر کرے گا۔

a) جانوروں، منی اور بیضہ کے نسب کا سرٹیفکیٹ۔

b) حیاتیاتی تکنیکی سرٹیفکیٹ۔

c) صحت کا سرٹیفکیٹ: اور

d) محکمہ کی پیشگی اجازت کے ساتھ دیگر افزائش نسل کے سرٹیفکیٹ ڈائریکٹر جنرل تشہیر کریں گے۔

7. **سرٹیفکیٹ کی ضروریات:** ڈائریکٹر مجوزہ طریقہ کار کے مطابق، سرٹیفکیٹ کی ضروریات کی وضاحت کریں گے جو کہ جانور کی منی، بیضیہ اور جنین کے ساتھ لازمی طور پر ہوں یا کوئی اور چیز جو اس ایکٹ کے تحت ضروری ہو۔

## باب نمبر 4

## نسب کا ریکارڈ کرنا اور کارکردگی:

8. **بریڈرز ایسوسی ایشن:-** (1) ڈائریکٹر مجوزہ طریقہ سے بریڈرز ایسوسی ایشن کو افزائش نسل اور افزائش مویشی کے مقصد کے تحت منظور اور رجسٹرڈ کرسکتا ہے اگر اس طرح ایسوسی ایشن کا

a) صوبے میں دفتر ہے۔

b) الگ قانونی حیثیت ہے۔

(c ریوڑ کی کتاب برقرار رکھی گئی ہے۔

(d طریقہ کار کے قوانین ہیں۔

(e نسب ریکارڈ کرنے کے لئے ضروری جانچ پڑتال کرسکتا ہے۔

(f اوراس ضمن میں مجوزہ قوانین کے مطابق تمام ضروریات کو پورا کرنا ہے۔

(2) ڈائریکٹر بریڈرز ایسوسی ایشن کوتب منظور کرے گا جب ایسوسی ایشن نے طریقہ کار شائع کیا ہو بشمول۔

(a نسل کی خصوصیات کی تعریف، بشمول نسل کا نام

(b مجوزہ طریقہ کار کے مطابق جانوروں کی شناخت اور رجسٹریشن اور ڈائریکٹر کے بتائے ہوئے مخصوص مواد کا ڈیٹا بیس۔

(c نئے نسل کے بابت نسب ریکارڈ کرنے کا سسٹم نئے نسل کے لئے۔

(d نسل کے مقاصد کی تعریف جو کہ نئے نسل کے بنانے کے تمام وجوہات ریوڑ کی کتاب میں موجود ہوں۔

(e مویشیوں کی کارکردگی کے مواد کو استعمال میں لانے کے لئے سسٹم: اور

(f ریوڑ کی کتاب کی مختلف حصوں میں تقسیم اگر حالات مختلف ہوں یا جانوروں کے اندراج کا طریقہ کار مختلف ہو یا ریوڑ کی کتاب میں درج کردہ جانوروں کی درجہ بندی کرنا ہو۔

(3) اگر کسی ایک نسل کے لئے بریڈرز ایسوسی ایشن کی منظوری دی گئی ہے تو ڈائریکٹر دوسرے ایسوسی ایشن کی منظوری کی اجازت نہیں دے گا: اگر وہ مطمئن ہو کہ اِس کی اجازت دینے سے اُس نسل کو محفوظ بنانے پر خطرہ ہوگا یا بریڈرز ایسوسی ایشن کے منظور شدہ حیتانی ٹیکنیکل پروگرام کو خطرے میں ڈال دے گا۔

(4) کسی بھی نسل کے جانوروں کے مالک کے لئے نسل پرور انجمن کی رکنیت کھلی ہوگی۔

9. <u>ریوڑ کی کتاب کی دیکھ بھال:</u>

(1) کسی بھی مخصوص نسل کو محفوظ بنانے کے لئے بریڈرز ایسوسی ایشن ڈائریکٹر کی پیشگی اجازت سے اس نسل کے لئے معیارات بنائے گی۔

(2) ریوڑ کی کتاب میں اندراج تب ہی ہوگا جب کہ جانوران جانوروں کی نسل/اولاد سے ہوں جن کا اندراج پہلے ہی ریوڑ کی کتاب میں کیا گیا ہو یا اس کی تصدیق ڈائریکٹر کے بتائے ہوئے محدود وقیود کے اندر کسی تسلیم شدہ ماہر کے ذریعے ہو کہ یہ جانور اُس ہی نسل سے ہے۔

(3) بریڈرز ایسوسی ایشن ہر اندراج شدہ جانور کو مخصوص ریوڑ نمبر دے۔

(4) کوئی بھی رجسٹرڈ بریڈز ایسوسی ایشن یا پرائیویٹ ادارہ یا کوئی ہستی قبول کرے گا یا ریوڑ کی کتاب کو دیکھ بھال کے لئے رکھے، حساب کتاب کرے یا حساب کتاب کا انتظام کرے تا کہ جنیاتی طور پر صحیح نسل یا دوغلا نسل جانوروں کا صحیح حساب کتاب ریوڑ کی کتاب میں درج ہو یا رجسٹرڈ ہو۔

(5) کوئی بھی بریڈر ایسوسی ایشن اس بات کو یقینی بنائے کہ ہر جانور کا ریوڑ کی کتاب میں اندراج شدہ ریکارڈ کسی بھی مشتری کو فیس کی ادائیگی پر میسر ہو جس کا ڈائریکٹر جنرل نے تعین کرنا ہو گا۔

(6) جبکہ جانور ریوڑ کی کتاب میں رجسٹرڈ ہو اور جانور یا اس کے والدین میں سے کسی ایک جانور کا ریکارڈ ریوڑ کی کسی اور کتاب میں پہلے سے ریکارڈ شدہ ہو تو پھر اُن معلومات کی طرف حوالہ دی جائے گا۔

**10.** <u>**غیر رجسٹرڈ شدہ جانوروں کی بیع پر ممانعت:-**</u> (1) رجسٹرڈ بریڈرز ایسوسی ایشن کی ریوڑ کی کتاب (Herd Book) کھلنے کے پانچ سال بعد کسی بھی وقت، شعبہ کی پیشگی اجازت کے بعد ڈائریکٹر جنرل آفیشل گزٹ میں نوٹیفیکیشن کے ذریعے کسی بھی جگہ خالص نسل کے جانوروں کی فروخت منع کر سکتا ہے جو کہ افزائش نسل کے لئے مخصوص ہوں جب تک یہ جانور مخصوص نسل کی ریوڑ کی کتاب (Herd Book) میں رجسٹرڈ نہ ہوں۔

(2) جب سب سیکشن (1) کے تحت نوٹیفیکیشن جاری کیا جا چکا ہے، کوئی بھی فرد مخصوص نسل کے خالص نسل جانور نہ تو بیچ سکتا ہے، نہ ہی اس کی پیشکش کر سکتا ہے اور نہ ہی اس کی تشہیر کر سکتا ہے جب تک وہ جانور مخصوص نسل کی ریوڑ کی کتاب میں رجسٹرڈ نہ ہو۔

**11.** <u>**مقامی نسل کے جانوروں کی تحفظ کے لئے اقدامات جن کی بقا پُر خطر ہو:-**</u> ایسے مقامی نسل کے جانوروں جن کی بقا کسی مخصوص ضلع میں تقریباً خطرے میں ہو، ان کے لئے کمیٹی کی سفارشات پر ڈائریکٹر جنرل لازمی طور پر ہدایات جاری کرے گا۔

(a) نسب کی ریکارڈنگ یا نسب کی ریکارڈنگ کی حوصلہ افزائی اور مویشیوں کی کارکردگی کی ریکارڈنگ۔

(b) مویشیوں کے تحفظ کے فروغ کے لئے اقدامات کرنا: اور

(c) پر خطر نسل کی بقا، بشمول:

(i) پر خطر نسل کے لئے بریڈرز ایسوسی ایشن کے قیام میں معاونت کرنا: اور

(ii) پر خطر نسل کی جنیاتی تغیر کی نگرانی کرنا۔

**12.** <u>**غیر معیاری مصنوعات کی ممانعت:-**</u> کوئی بھی شخص یا بریڈرز ایسوسی ایشن مصنوعی نسل کشی کے ذریعے غیر معیاری جانوروں کی پیداوار کے لئے نہ ہی غیر معیاری مصنوعات فروخت کرے گا اور نہ ہی پیشکش کرے گا۔

## باب نمبر 5

### رجسٹریشن اور لائسنسنگ

**13. افزائش نسل کے لئے ئر کی رجسٹریشن:**

کوئی بھی شخص کلیکشن اور پیداواری سہولت نہ تو چلا سکتا ہے اور نہ ہی اس کی دیکھ بھال کرسکتا ہے یہاں تک کہ وہ افزائش نسل کے لئے ئر کی رجسٹریشن ڈائریکٹر سے مجوزہ طریقے سے حاصل کرے۔

**14. کاروبار کی رجسٹریشن:**

کوئی بھی شخص جو افزائش نسل کی خدمات سے منسلک ہے وہ ڈائریکٹر سے مجوزہ طریقے سے رجسٹریشن حاصل کرے۔

**15. رجسٹریشن فیس یا تجدیدی فیس:**

ڈائریکٹر جنرل اس ایکٹ کے تحت ڈیپارٹمنٹ سے پیشگی اجازت کے بعد وقتاً فوقتاً رجسٹریشن فیس کی رقم، لائسنس کے اجرء، سرٹیفکیٹ یا اس کی تجدید کے بارے میں وضاحت کرے گا۔

**16. لائسنس اور سرٹیفکیٹ جاری کرنے کا اختیار:**

(1) جبکہ کوئی شخص، کلیکشن اور پیداواری سہولت یا ادارہ جو اس ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہے اور وہ مصنوعی نسل کشی کے ذریعے افزائش نسل کی خدمات پیش کر رہا ہے، ڈائریکٹر اس شخص، کلیکشن اور پیداواری سہولت یا ادارہ کو مخصوص وقت کے لئے لائسنس جاری کرے گا، جس میں شرائط وضوابط واضح ہوں گی۔

(2) جبکہ کسی شخص نے، کلیکشن اور پیداواری سہولت یا ادارہ جو قدرتی افزائش نسل کی خدمات پیش کرتا ہے، نے رجسٹریشن حاصل کی ہو تو ڈائریکٹرا سے مخصوص وقت کے لئے قابلیت کا سرٹیفکیٹ جاری کرے گا جو مشروع ہوگا۔

**17. رجسٹریشن، لائسنس یا سرٹیفکیٹ کی منسوخی یا معطلی:**

(1) جبکہ کوئی شخص یا ادارہ اس ایکٹ کی شق یا قواعد کی خلاف ورزی کرتا پایا جائے تو ڈائریکٹر از خود یا انسپکٹر کی سفارش پر لائسنس کو معطل یا منسوخ کرسکتا ہے یا حالات کے مطابق لائسنس جمع رجسٹریشن کے ساتھ معطل یا منسوخ کرسکتا ہے۔

(2) ڈائریکٹر سب سیکشن (1) کے تحت آرڈر دینے سے پہلے منصفانہ موقع سماعت دے گا۔

**18. اپیلیٹ اتھارٹی:-**

(1) اگر کوئی شخص ڈائریکٹر کے فیصلے سے پریشان ناخوش ہو تو فیصلے کی اطلاع کے تیس (30) دنوں کے اندر اگر چاہے تو اپیلیٹ اتھارٹی کو اپیل کرسکتا ہے، ڈیپارٹمنٹ اپیلیٹ اتھارٹی بنائے گی جس میں ڈیپارٹمنٹ کے سیکرٹری بطور چیئر پرسن ہوں گے اور ڈائریکٹر جنرل کا نمائندہ

جو(BPS-19) سے نیچے درجے کا نہیں ہوگا بطور ممبر ہوگا اور ٹیکنیکل ممبر ڈیپارٹمنٹ کی سرچ اینڈ سکروٹنی کمیٹی کی سفارش کے بعد ڈیپارٹمنٹ نامزد کرے گا۔

(2) اپلیٹ اتھارٹی دونوں فریقین کو سماعت کا موقع دینے کے بعد مجوزہ طریقہ کار کے مطابق ساٹھ(60) دنوں کے اندر مناسب حکم دے گا۔

## باب نمبر 6

### نفاذ

19. **لائسنس یافتہ، کلیکشن اور پیداواری سہولیات کے ناموں کی اشاعت:-** ڈائریکٹر جنرل لائسنس شدہ کلیکشن اور پیداواری سہولیات کی سالانہ فہرست شائع کرے گا اور افزائش نسل دیگر مخصوص کی سہولیات بھی واضح کرے اور ان سہولیات اور خدمات کے نام ڈائریکٹر جنرل کی آفیشل ویب سائیڈ پر ڈالے گا۔

20. **تجزیہ کاروں یا ماہرین کی تقرری:-** (1) اس ایکٹ کے تحت مجوزہ طریقہ کار کے ساتھ ڈائریکٹریٹ جنرل کسی بھی مناسب قابلیت کے حامل ادارہ یا شخص کو بطور تجزیہ کار یا ماہر مقرر کرسکتا ہے تاکہ وہ تجزیہ اور ٹیسٹ کرسکیں۔

(2) سب سیکشن (1) کے تحت نامزد کردہ تجزیہ کار یا ماہر کے پاس مجوزہ تعلیم قابلیت یا تجربہ لازمی ہونا چاہیئے۔

21. **فریق ثالث کی خدمات:** (1) باوجود اس کے کہ سیکشن 20 میں کچھ بھی مشتمل ہو، ڈیپارٹمنٹ ایک کمپنی کو تجزیہ کاری اور ٹیسٹنگ سروسز کے لئے شناخت یا پہچان کرے گا اور کمپنی اس ایکٹ کے تحت تعمیل کے غرض سے دے کر تنصیبات کا معائنہ کرے گی، اگر کمپنی کے پاس:-

(a) ریکارڈ رکھنے کا سسٹم رکھتے ہو۔

(b) فریق ثالث کی تشخیص کا سسٹم پر مشتمل ہو۔

(c) معیار جانچنے کا طریقہ کار کے اہلیت رکھتے ہو۔

(d) نمونے حاصل کرنے اور محفوظ کرنے کی سہولیات رکھتے ہو۔

(e) تجزیہ اور ٹیسٹنگ کے لئے منظور شدہ لیبارٹری کی سہولیات موجود ہو: اور

(f) درکار تجزیہ کار یا ماہرین ملازمت میں موجود ہو۔

(2) جہاں سب سیکشن (1) کے مقاصد کے لئے کمپنی کی شناخت اور پہچان جا چکی ہو، ڈائریکٹر اس کمپنی کی خدمات کو اس ایکٹ کے قواعد کے تحت حاصل کرے/خریدلے۔

22. **انسپکٹرز:-** ڈیپارٹمنٹ، ڈائریکٹوریٹ جنرل میں کام کرنے والے افسران میں سے ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعے انسپکٹر نامزد کرسکتا ہے جن کا اس ایکٹ کے مقاصد کیلئے مخصوص علاقے کے لئے دائرہ کار متعین ہو۔

**23.** **انسپکٹر کی ذمہ داریاں اور اختیارات:** (1) ایک انسپکٹر بذاتِ خود یا ڈائریکٹر جنرل یا ڈائریکٹر کی ہدایات پر، جیسے بھی ہو، ایک لوکل پولیس کی مدد سے کسی بھی جگہ معائنہ کے لئے داخل ہو سکتا ہے جو کہ جگہ رہائشی گھر کے درجے میں نہ آتی ہو تا کہ اس ایکٹ کے قواعد کو لاگو کرنے کو یقینی بنایا جا سکے۔

(2) نمونے حاصل کرنے کے لئے انسپکٹر کے داخلے اور رویہ مجوزہ طریقہ کار کے مطابق ہونا چاہئے۔

(3) اس ایکٹ کے قواعد کے تحت انسپکٹر کسی بھی تحریری حکم کے تحت مقامی پولیس کی مدد سے غیر معیاری منی کو قبضہ میں لے سکتا ہے یا سیل کر سکتا ہے یا کوئی اور مصنوعات یا ساز و سامان اس ایکٹ کے قواعد کے تحت قبضے میں لے سکتا ہے یا ان کو بھی سیل کر سکتا ہے۔

(4) اگر کوئی شخص قانونی اختیار کے بغیر سب سیکشن (3) کے تحت غیر معیاری منی کے سیل کئے گئے نمونوں کو کھولتا ہے یا توڑتا ہے تو اسے شیڈول میں دیئے گئے طریقے کے مطابق سزا دی جائے گی۔

(5) اگر انسپکٹر کو معلوم ہو کہ اس ایکٹ یا اس کے قواعد کے تحت خلاف ورزی ہو چکی ہے تو وہ اس شخص کے خلاف عدالت میں شکایت لازمی طور پر درج کرے گا۔

## باب نمبر 7

## جرمانے اور سزائیں

**24.** **جرمانے:** (1) جو کوئی شخص بھی اگر اس ایکٹ کے سیکشن 5,9,10,12,14 اور (4)23 کے تحت جرم کا مرتکب پایا گیا تو اُسے سزا بطور جرمانے یا قید جو شیڈول میں بتائے گئے ہیں جیسے بھی ہو دی جائے گی۔

(2) اس ایکٹ یا اس کے قواعد کے تحت اسی جرم میں اُکسانے کی سزا وہی ہو گی جو کہ شیڈول میں سزا دی گئی ہے۔

**25.** **ذمہ داری:-** اگر اس ایکٹ کے تحت کوئی شخص، کمپنی، ڈائریکٹر، منیجر، سیکرٹری یا کوئی اور افسر یا ایجنٹ، خلاف ورزی کرے تو اُس کو خلاف ورزی اور جرم کے تحت نامزد کیا جائے گا یہاں تک کہ وہ ثابت کرے کہ خلاف ورزی اس کے علم کے بغیر ہوئی اور اُس نے تمام ایسے اقدامات کئے تھے کہ اس کی خلاف ورزی نہ ہو۔

**26.** **غلط بیانی:-** اگر کوئی شخص اس ایکٹ کے حکم کے تحت بیان دینے، یا کوئی معلومات فراہم کرنے کا پابند ہو اور وہ شخص یا ادارہ جان بوجھ کر غلط بیان یا معلومات دے یا اگر وہ کوئی بیان دے جو کسی بھی کتاب، اکاؤنٹ، اعلانیہ بیان، ریٹرن یا کسی اور کاغذات میں حکم کے تحت دیکھ بھال کرنے، محفوظ کرنے کا پابند ہو

تو اُس کو ایک سال تک سزا ہوسکتی ہے یا اُس پر ایک لاکھ جرمانہ ہوسکتا ہے یا دونوں سزائیں بھی ہوسکتی ہیں۔

27. **دائرہ کار کی پابندی:۔** اس ایکٹ کے دی گئی اختیارات کے تحت دیا گیا کوئی بھی حکم کسی بھی عدالت میں نہیں لے جایا جاسکتا سوائے اس کے کہ جو طریقہ کار اس ایکٹ میں دیا گیا ہے۔

28. **دست اندازی جرائم:۔** (1) کوڈ میں مشتمل کچھ بھی، اس ایکٹ کے تحت کوئی بھی جرم جو قابلِ سزا ہے، جو قابلِ دست اندازی ہے وہ قابلِ ضمانت ہوگا۔

(2) کوڈ کی قواعد کی رُو سے اس ایکٹ کے تحت کسی بھی جرم کے مقدمہ کی سماعت جوڈیشنل مجسٹریٹ درجِ اول کرے گا۔

## باب نمبر 8

## متفرق

29. **انکشافات:۔** ہر ایک افزائش نسل کی خدمات پیش کرنے والا، خریدار کو مصنوعات کے مواد، اصل اور معیار یا خدمات کے بارے میں کسی نوٹس یا لیبل کے ذریعے منکشف کرے گا۔

30. **ضمانت برائے نقصان:** (1) اگر کسی افسر نے اس ایکٹ کے قواعد یا حکم کے تحت کسی بھی اچھی نیت سے کوئی بھی عمل کیا ہو تو اُس کے خلاف کوئی مقدمہ یا استغاثہ یا قانونی کاروائی نہیں کی جائے گی۔

(2) اس ایکٹ کے حکم کے تحت اگر کوئی کام اچھی نیت سے کیا گیا اور اُس سے نقصان ہوا یا نقصان ہونے کا احتمال ہو تو حکومت کے خلاف کوئی مقدمہ یا قانونی کاروائی نہیں ہوگی۔

31. **غالب اثرات:** اگر کوئی اور قانون جو نافذ ہو اور وہ اس یکٹ کے متصادم ہو تو اس ایکٹ کے قواعد اُن قوانین پر غالب اثر ہوں گے۔

32. **قواعد بنانے کے اختیارات** (1) اس ایکٹ کے مقاصد کے تحت، حکومت آفیشل گزٹ میں نوٹیفیکیشن کے ذریعے قواعد بنا سکتی ہے۔

(2) مندرجہ بالا قواعد کے لئے بلا کسی تعصب کے خاص کر قواعد کی رُو سے راہنمائی فراہم ہوگی۔

(a) اس ایکٹ کے تحت، لائسنس، رجسٹریشن، سرٹیفکیٹ کی اجراء، منسوخی یا معطلی ہوگی۔

(b) ماہرین، یا تجزیہ کار، انسپکٹر یا ٹیکنیکل سٹاف کی تعلیمی قابلیت اور طریقہ کار کی پیروی کی جائے۔

(c) اس ایکٹ کے تحت بنائی گئی کمیٹی کے لئے روزمرہ امور کے طریقہ کار کا استعمال: اور

(d) اس ایکٹ کے تحت کوئی اور بھی معاملہ جس کا ٹھیک کرنا ہو۔

## جدول

### جرائم اورسزائیں

**13,12,9,5اور23(4)**

| دوبارہ جرم کرنے کی صورت میں سزائیں | سزائیں | جرائم | نمبرشمار |
|---|---|---|---|
| جرمانہ پانچ لاکھ روپے تک یا ایک سال تک قید یا دونوں سزائیں | جرمانہ ایک لاکھ روپے تک | اس ایکٹ کے سیکشن 5 کے تحت مطلوبہ معیارات کی عدم تعمیل | 1) |
| جرمانہ پانچ لاکھ روپے تک یا ایک سال تک قید یا دونوں سزائیں | جرمانہ ایک لاکھ روپے تک | اس ایکٹ کے سیکشن 9 کے تحت مطلوبہ معیارات کی عدم تعمیل | 2) |
| جرمانہ دو لاکھ روپے تک یا آٹھ ماہ تک قید یا دونوں سزائیں | چھ ماہ قید کے ساتھ ایک لاکھ روپے تک جرمانہ | اس ایکٹ کے سیکشن 10 کی خلاف ورزی | 3) |
| جرمانہ دو لاکھ روپے تک یا آٹھ ماہ تک قید یا دونوں سزائیں | چھ ماہ قید کے ساتھ ایک لاکھ روپے تک جرمانہ | اس ایکٹ کے سیکشن 12 کی خلاف ورزی | 4) |
| جرمانہ دو لاکھ تک یا آٹھ ماہ تک قید یا دونوں سزائیں | چھ ماہ قید کے ساتھ ایک لاکھ روپے تک جرمانہ | اس ایکٹ کے سیکشن 14 کے تحت کاروبار کی رجسٹریشن نہ کروانا | 5) |
| جرمانہ دو لاکھ روپے تک یا آٹھ ماہ تک قید یا دونوں سزائیں | چھ ماہ قید کے ساتھ ایک لاکھ روپے تک جرمانہ | اس ایکٹ کے سیکشن (4)23 کے تحت سیل توڑنا/سیل کھولنا | 6) |